# 03-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ قانون ساز کونسل کی تین نشستوں کے لئے ووٹوں کی گنتی کا سلسلہ جاری ہے۔

۲۔امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امیت شاہ نے کہا ہے ک ہ ڈیری شعبہ نہ صرف ملک کی ترقی میں حصہ ادا کر رہا ہے بلکہ دیہی ترقی اور چھوٹے کسانوں کی خوشحالی میں بھی اہم رول ادا کر رہا ہے۔

۳۔چھتیس گڑھ کے سی پی آئی ماؤنواز پارٹی سے تعلق رکھنے والے 14 افراد نے کوتہ گوڑم پولیس کے روبرو خودسپردگی اختیار کرلی۔

اور

۴۔انٹرمیڈیٹ امتحانات کا پرسوں سے آغاز ہوگا۔ بورڈ نے امتحانی ہال میں داخل ہونے کے لئے پانچ منٹ کی تاخیر کی اجازت دی ہے۔

TUMMALA:

زراعت کے ریاستی وزیر ناگیشور راؤ نے ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم میں اشواپورم منڈل کا دورہ کیا اور وہاں دوما گوڑم ڈیم کا معائنہ کیا۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ مرکز، فنڈ جاری کرنے کے معاملہ میں جنوبی ریاستوں کے ساتھ امتیازی رویہ اپنائے ہوئے ہے۔وزیر نے کہا کہ اگر ریاست ٹیکس کے طور پر ایک روپیہ ادا کرتی ہے تب جواب میں اسے صرف 42 پیسے ملتے ہیں جبکہ بہار میں ایک روپیہ کے بدلے میں وہاں کی حکومت کو 7 روپے ملتے ہیں۔ ناگیشور راؤ نے یہ الزام بھی لگایا کہ مرکزی حکومت، مالی مدد کرنے کے معاملہ میں غیر بی جے پی ریاستوں کو نظرانداز کر رہی ہے۔

SLBC:

ضلع ناگر کرنول میں واقع ایس ایل بی سی سرنگ میں پھنسے مزدوروں کو بچانے کے آپریشن میں شامل ٹیمیں ان مقامات کی نشاندہی کرنے کی کوشش کر رہی ہے جن کے تعلق سے سائنسدانوں نے کہا ہے کہ وہاں انسانوں کی موجودگی ممکن ہے۔ سائنسدانوں نے اس سلسلہ میں ایک راڈار سروے کیا ہے۔این جی آر آئی حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے سائنسدانوں نے سرنگ کے اندر ایک راڈار سروے کیا تاکہ وہاں مزدوروں کی موجودگی کا پتہ لگایا جاسکے۔سرنگ کے اندر صورتحال چیلنجنگ ہے، جہاں مٹی کے ڈھیر اور پانی موجود ہے، جس کی وجہ سے بچاؤ عملہ کے ارکان اور سائنسدانوں کو مشکلات پیش آرہی ہیں۔ عہدیداروں نے تاہم یہ بات نوٹ کی ہے کہ صورتحال میں بہتری آنے پر سائنسداں دوبارہ سروے کرسکتے ہیں۔ سائنسدانوں نے جن مقامات پر انسانوں کے ہونے کی بات کہی ہے وہاں کھدائی بھی کی گئی۔وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، جنہوں

نے کل سرنگ کے مقام کا معائنہ کیا اور بچاؤ عملہ کے ذمہ داروں سے بات چیت کی، کہا ہے کہ سرنگ میں پھنسے 8 افراد کے حقیقی مقام کا ہنوز پتہ نہیں لگ پایا ہے جبکہ ان کی حکومت بچاؤ اقدامات میں تیزی لانے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ سری سیلم لفٹ بینک کنال (ایس ایل بی سی) سرنگ میں 22 فروری سے 8 افراد پھنسے ہوئے ہیں، جن میں انجینئرس اور مزدور شامل ہیں۔

KAVITHA:

بی آر ایس کی ایم ایل سی وتلنگانہ جاگروتی کی بانی کویتا نے پوسٹ کارڈ مہم شروع کی ہے۔انہوں نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو 10 ہزار پوسٹ کارڈس روانہ کرتے ہوئے 8 مارچ کو عالمی یوم خواتین کے موقع پر خواتین سے متعلق اہم اسکیمات کے تعلق سے ٹھوس اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔حیدرآباد میں واقع اپنی رہائش گاہ پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کویتا نے کانگریس حکومت پر الزام لگایا کہ وہ اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے میں ناکامی کے ذریعہ خواتین کو دھوکہ دے رہی ہے۔ کویتا نے انتباہ دیا کہ اگر 8 مارچ تک سرکاری سطح پر کوئی اعلان نہیں کیا جاتا ہے تب خواتین اِس احتجاج کو 10 ہزار مواضعات تک لے جائیں گی۔بی آر ایس کی ایم ایل سی نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ خواتین کے لئے ماہانہ ڈھائی ہزار روپے دئے جانے کے وعدہ کو فوری پورا کیا جائے۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ کانگریس کے منشور کے مطابق 18 سال عمر مکمل کرنے والی لڑکیوں میں اسکوٹی بھی تقسیم کی جائے۔

INVALID:

تین نشستوں کے لئے تلنگانہ قانون ساز کونسل انتخابات کے تحت ووٹوں کی گنتی کا مرحلہ جاری ہے۔میدک۔نظام آباد۔عادل آباد۔کریم نگر گریجویٹس اور ورنگل۔ کھمم۔نلگنڈہ ٹیچرس حلقوں کے ووٹوں کی گنتی کا آج صبح کریم نگر ٹاؤن میں واقع امبیڈکر انڈور اسٹیڈیم میں آغاز ہوا۔گنتی کا آغاز صبح 8 بجے سے ہوا جیسا کہ رائے دہی 27 فروری کو ہوئی تھی۔گریجویٹس الیکشن کی مبصر پرکاش جوتی، ٹیچرس کے مبصر مہیش دت اور ریٹرننگ آفیسر وکلکٹر پامیلا ستاپتی نے کاؤنٹنگ ایجنٹس کی موجودگی میں اسٹرانگ روم کو کھولا۔ووٹوں کے بنڈل بنانے کا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے جبکہ تقریباً 20 فیصد ووٹ غیر کارکرد پائے گئے۔

MAOIST:

چھتیس گڑھ سے تعلق رکھنے والی سی پی آئی ماؤنواز پارٹی کے زائد از 14 افراد نے ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس روہت راجو کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ایس پی نے آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ان ماؤنوازوں نے اپنے افرادِ خاندان کے ساتھ پرامن زندگی گزارنے کا فیصلہ کیا ہے اور اسی لئے خود کو اس وقت پولیس کے

حوالہ کردیا جب انہیں ضلع پولیس کی جانب سے فلاحی اور ترقیاتی اقدامات کا پتہ چلا۔اب تک گزشتہ دومہینوں کے دوران 44 ماؤنواز خودسپردگی اختیار کر چکے ہیں۔

INTERMEDIATE:

انٹرمیڈیٹ پبلک امتحانات 2025 ءتھیوری کے لئے سال اول اور سال دوم سے تقریباً10 لاکھ طلبہ نے اپنے نام درج کرائے ہیں۔ یہ طلبہ ریگولراور خانگی اداروں سے تعلق رکھتے ہیں۔انٹرامتحانات کا آغاز 5 مارچ سے ہوگا۔حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ امتحانات کے سکریٹری کرشنا آدتیہ نے کہا کہ طلبہ کو چاہیے کہ امتحان ہال میں 8:30 بجے تک اپنی سیٹ سنبھال لیں جبکہ انہیں 9 بجے پرچہ سوالات دیا جائے گا۔9 بجے کے بعد طلبہ کو پانچ منٹ کا وقفہ دیا جائے گا۔گرم موسم کی بنا پر امتحانات کے اوقات صبح 9 بجے تا 12 بجے دن رکھے گئے ہیں۔اس مرتبہ امتحانات کچھ الگ ہوں گے کیونکہ ریاست بھر میں قائم کردہ تمام امتحانی مراکز پرسی ٹی وی کیمرے لگائے گئے ہیں۔

Sound Byte

DAIRY:

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امیت شاہ نے کہا ہے ک ہ ڈیری شعبہ نہ صرف ملک کی ترقی میں حصہ ادا کررہا ہے بلکہ دیہی ترقی اور چھوٹے کسانوں کی خوشحالی میں بھی اہم رول ادا کر رہا ہے۔نئی دہلی میں آج ڈیری شعبہ کے ورک شاپ کا افتتاح کرتے ہوئے شاہ نے کہا کہ یہ شعبہ ملک کی تغذیہ کی دیکھ بھال کرتا ہے جبکہ یہ شعبہ خواتین کو بااختیار بنانے میں بھی اہم رول ادا کررہا ہے کیونکہ 62 فیصد خواتین ڈیری شعبہ سے وابستہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ ملک کے 80 فیصد اضلاع میں ڈیری یونین قائم کی جائے۔سمکیات اور ڈیری کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے کہا کہ ملک میں گزشتہ 10 سال کے مقابلہ میں دودھ کی پیداوار میں 63 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔

Sound Byte

WILDLIFE DAY:

آج عالمی یوم جنگلی حیات منایا جارہا ہے تاکہ جنگلی جانوروں اور درختوں کا خیال رکھا جاسکے۔مرکزی حکومت نے ملک بھر میں جنگلات کے تحفظ کے لئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ماحولیات، جنگلات اور ماحولیاتی تبدیلی کی وزارت نے اس سلسلہ میں جامع فریم ورک پالیسیاں بنائی ہیں۔حالیہ برسوں میں مرکزی حکومت نے جنگلی حیات کو فروغ دینے کے لئے مختلف اقدامات کئے ہیں۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ کی جانب سے ضلع سرسلہ کے کسانوں کے لئے آبپاشی کا پانی جاری کرنے کے معاملہ میں ریاستی حکومت کو انتباہ دئے جانے کے ایک دن بعد عہدیداروں نے آج ضلع کے منڈل تھنگلا پلی کے موضع جکا پور میں واقع رنگا نائکا ساگر کنال کا معائنہ کیا۔ سپرنٹنڈنٹ انجینئر رویندر کی زیر قیادت آبپاشی کے عہدیداروں اور کسانوں نے کنال کا معائنہ کیا اور کھڑی فصلوں کو بچانے کے لئے کنال سے پانی چھوڑنے کا وعدہ کیا۔

PREZ. AWARD EARLY:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دہلی میں واقع راشٹر پتی بھون میں آٹھویں ویزیٹرس ایوارڈس پیش کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ملک میں مختلف تعلیمی اداروں نے عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ انہوں نے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے لیڈرس پر زور دیا کہ مصنوعی ذہانت کے شعبہ میں نئے قدم اٹھانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

ADD SLBC:

این ڈی آر ایف کے کمانڈنٹ پرسنا کمار نے کہا ہے کہ سرنگ میں پھنسے 8 مزدوروں کو بچانے کے لئے آپریشن پوری شدت سے جاری ہے جبکہ اس سلسلہ میں تقریباً 12 ایجنسیاں مسلسل کام کررہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے باوجود سرنگ میں پھنسے مزدوروں کا آتا پتہ نہیں لگ پایا ہے۔

OO